حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

(ذ) بخاری

شش ماہی "نقطہ نظر" اسلام آباد

اخبارات و جرائد میں کتابوں پر تبصرے شائع ہوتے ہی رہتے ہیں، جن میں مبصرین اپنے اپنے مذاق و مزاج کے مطابق کہیں اجمال سے اور کہیں تفصیل سے، کہیں جائزے سے اور کہیں تجزیے سے کام لیتے ہیں۔ تبصرہ کا مقصود اصلی تو تعارف کتاب ہی ہوتا ہے۔ لیکن اس گوہر مقصود کی دستیابی یا شاہد مقصود کی رونمائی کچھ ایسی آسان بھی نہیں ہوتی۔ کہیں سخن شناسوں کا سکوت آڑے آجاتا ہے اور کہیں سخن ناشناسوں کی تحسین!

"نقطۂ نظر"۔۔۔۔۔ اردو میں غالباً اپنی نوعیت کا پہلا مجلہ ہے جو کاملاً نئی کتابوں کے تعارف و تبصرہ کے لیے وقف ہے۔ اب تک اس کے دو شمارے شائع ہو چکے ہیں۔ ان کے مطالعے سے معلومات و آراء اور حقائق و افکار کی نئی دنیاؤں تک رسائی ہوتی ہے۔ آج کے قاری کو اور آج کے طالب علم کو جس علمی اور تحقیقی رہنمائی کی ضرورت ہے، اپنے متعینہ اور مبینہ موضوعات کی حد تک، "نقطۂ نظر" اس ضرورت کو بطریق احسن پورا کر رہا ہے۔ تاریخ وادب، علوم و فنون، تہذیب و تمدن، مذہب و اخلاق، فلسفہ و حکمت اور معاشیات و سیاسیات ۔۔۔۔۔ ان سب موضوعات پر چھپنے والی وہ سب کتابیں جن کا مرکزی حوالہ اسلام یا مسلمان ہو "نقطۂ نظر" میں تعارف و تبصرہ کی غرض سے بار پاتی اور ذکر کی جاتی ہیں۔

مجلے کے پہلے شمارے (اکتوبر ۱۹۹۶ء۔ مارچ ۱۹۹۷ء) میں تبصرہ نگاری کے فن پر جناب شمس الرحمن فاروقی اور تبصرہ نگاری کی روایت پر جناب اختر راہی کی تحریریں بہت خیال انگیز اور بہت بصیرت افروز ہیں۔ اسی طرح "الفاس امدادیہ" (مبصر: سفیر اختر صاحب) "ہمارے ہندوستانی مسلمان" (مبصر: ادارہ) "خطوط بنام سرسید" (مبصر: ادارہ) "چودھری رحمت علی اور تحریک پاکستان" (مبصر: خورشید احمد خان یوسفی مرحوم) "سفر آدھی صدی کا" (مبصر: پروفیسر احمد سعید صاحب) "خطبات خلافت" (مبصر: سید متین الرحمن صاحب) "عورتوں کے بارہ میں قرآنی احکام" (مبصر: محمد خالد سیف صاحب) "مبدء و معاد" ۔۔۔ ترجمہ (مبصر: محمد نذیر رانجھا صاحب) "مکاتیب رشیدیہ" ..... ترتیب جدید (مبصر: اختر راہی صاحب) "خفتگان خاک گجرات" (مبصر: سفیر اختر صاحب) پر لکھے گئے تبصرے یقیناً اس مجلے کی اہمیت اور ضرورت پر دال ہیں۔

"نقطۂ نظر" کا ناشر ادارہ انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد اور اس کے مدیر جناب سفیر اختر اس علمی خدمت پر ہدیہ تبریک کے مستحق ہیں۔ مجلہ کی فی شمارہ قیمت ۶۰ روپے اور زر سالانہ ۱۰۰ روپے ہے۔ خط و کتابت اور ترسیل زر کا پتا ہے: نصر چیمبرز، بلاک ۱۹، مرکز ایف سیون، اسلام آباد۔